MCB-ARIF HABIB
Savings and Investments Limited

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting (EOGM) of MCB-Arif Habib Savings and Investments Limited will be held on Monday, February 06, 2023 at 11:30 a.m. at Ramada Creek, Zulfiqar Street 1, DHA Phase VIII, Karachi – Pakistan as well as through Electronic means/ Video link facility to transact the following businesses:

1. To confirm the minutes of the last Annual General Meeting held on October 24, 2022.

2. To elect seven (7) Directors of the Company as fixed by the Board of Directors in accordance with Section 159(1) of the Companies Act, 2017 for a period of three years, commencing from February 07, 2023. The names of retiring Directors, who are eligible to offer themselves for re-election, are listed as under:

1. Mr. Haroun Rashid;
2. Mr. Nasim Beg;
3. Mr. Ahmed Jahangir;
4. Mirza Qamar Beg;
5. Mr. Kashif A. Habib
6. Syed Savail Meekal Hussain; and
7. Ms. Mavra Adil Khan

The statement of facts under Section 166(3) of the Companies Act 2017 is annexed to the notice.

3. To transact any other business with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**

**January 13, 2023**
**Karachi**

**Altaf Ahmad Faisal**
**Company Secretary**

**IMPORTANT NOTICES:**

**1. PARTICIPATION VIA PHYSICAL PRESENCE OR THROUGH VDEIO LINK FACILITY**

The Company intend to convene this EOGM with minimal physical interaction of members while ensuring compliance with the quorum requirements and requests the member to consolidate their attendance and voting at the EOGM through proxies.

Members interested to participate in the meeting via video link facility are requested to email their Name, Folio Number / participant's ID number, Cell Number, CNIC / Passport Number with subject "Registration for MCBAH EOGM" along with valid copy of both sides of Computerized National Identity Card (CNIC) at eogm@mcbah.com. Video link and login credentials will be shared with only those members whose emails, containing all the required particulars, are received at least forty-eight (48) hours before the time of EOGM.

Login facility will be opened thirty minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after identification process. Members will be able to login and participate in EOGM proceedings through their devices after completing all the formalities required for the identification and verification of the members and members will be encouraged to participate in the EOGM to consolidate their attendance and participation through proxies.

**2. NOTICE OF BOOK CLOSURE**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from Monday, January 30, 2023 to Monday, February 06, 2023 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, Block B, SMCHS, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400, by the close of business (5:00 p.m.) on Friday, January 27, 2023, will be considered in time for the determination of the entitlement of the shareholders to attend and vote at the meeting.

**3. APPOINTMENT OF PROXY AND PARTICIPATION IN THE EOGM**

A member entitled to attend, speak and vote at the EOGM is entitled to appoint another person as his/her proxy to attend, speak and vote for his/her behalf. A proxy need not be a member of the Company. A proxy have the right to demand and join in demanding a poll and vote on a poll.

The instrument appointing proxy, together with the power of attorney or other authority under which it is signed, as the case may be, or a notarially certified copy of the power or authority, must be deposited at the Registered Office of the Company at least 48 working hours before the time of the meeting. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company. Form of Proxy is enclosed in English and Urdu language.

Beneficial owners of the physical shares and the shares deposited with the Central Depository Company of Pakistan Limited (CDC) and / or their proxies are required to produce their original Computerized National Identity Card (CNIC) or Passport for identification purpose at the time of attending the meeting.

**4. POSTAL BALLOT**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, for the purpose of election of directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159(1) of the Companies Act, 2017, members will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot, i.e. voting by post and through e-voting, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid Regulation.

Member are requested to update their details together with Name, Folio/ CDC Account No., E-mail address, contact number to the share registrar of the company M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, Block B, SMCHS, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400.

**5. VIDEO-CONFERENCE FACILITY**

If the members holding 10 per cent (ten percent) of the total paid up capital, are resident in any other city, the Company shall provide the facility of video-conference to such members for attending Extraordinary General Meeting of the Company, if so demanded by such members in writing to the Company at least seven (7) days before the date of the meeting.

Consent for Video-Conference Facility

I/We, ____________________, being a member of MCB - Arif Habib Savings & Investments Limited holder of Ordinary Share(s) as per Register Folio/CDC Participant ID & Sub-Account/Investor Account No. ________________hereby opt for participation in the Extraordinary General Meeting to be held on February 06, 2023 or any adjourned meeting through video-conference facility at ________________(Please insert name of the City)

____________________ Date: ____________________
Signature of member

**6. NOTICE OF SUBMISSION OF VALID CNIC COPIES (MANDATORY)**

Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC, are requested to submit the same along with folio number, at the earliest, directly to the Company's Share Registrar.

**7. CHANGE IN MEMBERS ADDRESSES**

Members are requested to immediately notify any change in their address to the Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited.

**8. CONVERSION OF PHYSICAL SHARES IN TO BOOK-ENTRY FORM**

In compliance with section 72 of the Companies Act, 2017 and SECP's letter No. CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated 26 March 2021, listed companies are required to replace existing physical shares issued by them into Book-Entry Form. In view of the above requirement, shareholders of the Company having physical folios/ share certi¬ficates are requested to convert their shares from physical form into Book-Entry Form as soon as possible.
Conversion of physical shares into Book-Entry Form would facilitate the shareholders in many ways i.e. safe custody of shares, readily available market for instant sale and purchase of shares, eliminate risk of loss & damage, easy & safe transfer with lesser formalities as compared to physical shares. The shareholders of the Company may contact Share Registrar of the Company [i.e. M/s. CDC Share Registrar Services Limited] for assistance in conversion of physical shares into Book-Entry Form.

**9. ELECTION OF DIRECTORS**

Any person who seeks to contest the election of Directors shall, whether he is a retiring director or otherwise, file with the Company at its registered office, not later than fourteen (14) days before the above said meeting a notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of the Directors in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017 together with:

i) Consent to act as director on a duly filled and signed FORM-28 under Section 167(1) of the Companies Act, 2017;
ii) Declaration for eligibility to act as director of listed company and awareness of duties and powers of directors under the Companies Act, 2017, Memorandum and Articles of Association of the Company, Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited and the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and other relevant laws and regulations;
iii) Duly filled in Performa of Annexure-A and Affidavit as per Annexure-B of Schedule-IX (Fit & Proper Criteria) of the NBFC & Notified Entities Regulations, 2008;
iv) Declaration of independence in terms of Section 166(2) of the Companies Act, 2017 as required under Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 (applicable only for person filing consent to act as independent director of the Company);
v) A detailed profile along with office address for placement on the Company's website under SRO 1196(I)/2019 dated October 03, 2019;
vi) Detail of other directorship and offices held;
vii) Copy of valid CNIC (in case of Pakistan national) / Passport (in case of foreign national), and NTN; and
viii) Folio No./ CDC Investors Account No./CDC Sub-Account No (applicable for person filing consent for the first time).

STATEMENT UNDER SECTION 166 (3) OF THE COMPANIES ACT, 2017
Section 166(3) of the Companies Act 2017 requires that a statement of material facts is annexed to the notice of the general meeting called for the purpose of election of directors which shall indicate the justification for choosing independent director.

The Company is required to have at least three independent directors on the Board under the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and Non-Banking Finance Companies (Establishment and Regulation) Rules, 2003. Accordingly, the required number of independent directors shall also be elected through the process of election of directors in terms of section 159 of the Companies Act, 2017 and Articles of Association of the Company.

As regards the justification for choosing independent directors, the candidates for independent director should be eligible for election as director of a listed company and a Non-Banking Finance Company and meet the criteria of independence laid down under section 166(2) of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulation, 2018.

The Directors have no interest in the above said business except being eligible for re-election as director of the Company.

**MCB-ARIF HABIB**
Savings and Investments Limited

# اطلاع برائے غیر معمولی عمومی اجلاس

اطلاع دی جاتی ہے کہ ایم سی بی-عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ کا غیر معمولی عمومی اجلاس (EOGM) بروز پیر، مؤرخہ 06 فروری 2023ء، صبح 11:30 بجے، بمقام رمادا کریک، ذوالفقار اسٹریٹ 1، ڈی ایچ اے فیز VIII، کراچی، پاکستان، بمع الیکٹرانک ذرائع / ویڈیو لِنک سہولت منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل معاملات زیرِغور آئیں گے:

1۔ گزشتہ سالانہ عمومی اجلاس منعقدہ 24 اکتوبر 2022ء کے نکات کی تصدیق

2۔ کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے طے کیا ہے بمطابق کمپنیز ایکٹ 2017ء سیکشن (1)159، تین سال کی مدّت کے لیے جس کا آغاز 07 فروری 2023ء کو ہوگا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز، جو خود کو دوبارہ انتخاب کے لیے پیش کر سکتے ہیں، درج ذیل ہیں:

1۔ جناب ہارون رشید
2۔ جناب نسیم بیگ
3۔ جناب احمد جہانگیر
4۔ جناب مِرزا قمر بیگ
5۔ جناب کاشف اے حبیب
6۔ جناب سیّد سوائل نیکال حُسین
7۔ محترمہ ماورا عادل خان

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت اسٹیٹمنٹ آف فیکٹس اطلاع ہٰذا کے ساتھ مُلحق ہے۔

3۔ کوئی اور معاملہ، چیئر کی اجازت سے

بحکم بورڈ

13 جنوری 2023ء
کراچی

الطاف احمد فیصل
کمپنی سیکریٹری

## اہم اطلاعات:

### 1۔شرکت بذریعہ ذاتی حاضری یا ویڈیو لِنک سہولت

کمپنی خواہاں ہے کہ اس EOGM میں جسمانی تعامل ممکنہ حد تک کم ہو لیکن ساتھ ساتھ کورم (لازمی حاضری کی کم سے کم حد) کی شرائط کی تعمیل بھی کی جائے۔ اس ضمن میں ارکان سے درخواست ہے کہ اپنی حاضری اور ووٹنگ کو یقینی بنائیں، خواہ بذریعہ پراکسی۔

جو ارکان اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لِنک شریک ہونا چاہتے ہیں اُن سے گزارش ہے کہ اپنا نام، فولیو نمبر / پارٹسپنٹ شناختی نمبر، موبائل فون نمبر اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) / پاسپورٹ نمبر بمع CNIC کی دونوں جانب کی درست نقل eogm@mcbah.com پر ای میل کریں جس کا سبجیکٹ "Registration for MCBAH EOGM" ہو۔

ویڈیو لِنک اور log in یعنی اجلاس میں شامل ہونے کی تفصیلات صرف اُن ہی ارکان کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میل بشمول تمام مطلوبہ کوائف EOGM کے وقت سے اڑتالیس (48) گھنٹہ قبل موصول ہو جائیں گی۔ Log in کا آغاز اجلاس سے تیس (30) منٹ قبل کیا جائے گا۔ ارکان شناخت اور تصدیق کے مکمل عمل سے گزرنے کے بعد اجلاس میں شامل ہو کر تمام کارروائیوں میں شریک ہو سکیں گے۔ ارکان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ اپنی حاضری اور شرکت کو یقینی بنائیں، خواہ بذریعہ پراکسی۔

### 2۔ بُک بند ہونے کی اطلاع

کمپنی کے حصص کی منتقلی کی books بروز پیر، 30 جنوری 2023ء، تا اگلے پیر، 06 فروری 2023ء (بشمول دونوں مذکورہ دِن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر، سی ڈی سی ہاؤز، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی 74400، کو بروز جمعہ، 27 جنوری 2023ء کاروباری اوقاتِ کار (شام 5:00 بجے) تک موصول ہونے والی مُنتقلیوں کو ترتیب وار حصص یافتگان کے اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا استحقاق متعین کرنے کے لیے بروقت مانا جائے گا۔

### 3۔ پراکسی کی تقرری اور EOGM میں شرکت

جو رُکن EOGM میں شریک ہونے، اس میں بات کرنے اور ووٹ دینے کے استحقاق کا حامل ہوگا وہ پراکسی مقرر کرنے کے استحقاق کا بھی حامل ہوگا جو اُس کی طرف سے شریک ہو سکے گا، بات کر سکے گا اور ووٹ دے سکے گا۔ پراکسی کے لیے کمپنی کا رُکن ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی کو انتخابی عمل کا مطالبہ کرنے، مذکورہ مطالبے میں شامل ہونے، اور انتخابی عمل میں ووٹ دینے کا استحقاق حاصل ہوگا۔

پراکسی کی تقرری والی دستاویز، بمع پاور آف اٹارنی یا دیگر اختیار جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں، یا پاور آف اتھارٹی کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ نقل، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹہ قبل جمع کرائی جائے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمع دستخط کا نمونہ (اِلّا یہ کہ پہلے فراہم کر دیئے گئے ہوں) کمپنی میں جمع کرائے جائیں، بمع پراکسی فارم۔ پراکسی فارم انگریزی اور اُردو زبان میں ملحق ہے۔

ظاہری حصص اور سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے پاس جمع کرائے گئے حصص کے استفادی مالکان اور / یا ان کے پراکسی، اجلاس میں شرکت کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھائیں۔

### 4۔ ووٹ بذریعہ ڈاک

کمپنیز (پوسٹل Ballot) ریگولیشنز 2018ء کی تعمیل میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد سے اگر خود کو انتخاب کے لیے پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)159 کے تحت ڈائریکٹرز کی مقررہ تعداد سے زیادہ ہو تو ارکان کو ووٹ بذریعہ ڈاک اور ای-ووٹنگ کا اپنا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو وہ مذکورہ ریگولیشن میں بتائی گئی شرائط اور طریقِ کار کے مطابق کریں گے۔

ارکان سے گزارش ہے کہ اپنے کوائف جن میں تبدیلی درکار ہو وہ کرا لیں، جن میں نام، فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل ایڈرس، رابطہ نمبر شامل ہیں۔ اس کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں: M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤز، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، main شاہراہِ فیصل، کراچی - 74400۔

### 5۔ ویڈیو کانفرنس سہولت

اگر کُل ادا شدہ سرمائے کے دس فیصد کا حامل رُکن کسی اور شہر میں مقیم ہو اور کمپنی کے EOGM میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کا مطالبہ کرے تو کمپنی اس کو یہ سہولت فراہم کرے گی، لیکن اس کے لیے اجلاس سے کم از کم سات (7) دن قبل تحریری مطالبہ جمع کرانا ہوگا۔

**رضامندی برائے ویڈیو کانفرنس سہولت**

میں / ہم، ________________، ایم سی بی-عارف حبیب سیونگز اینڈ اِنویسٹمنٹس لمیٹڈ کے رُکن، عمومی شیئر (ز) کا / کی / کے حامل بمطابق رجسٹر فولیو / سی ڈی سی پارٹسپنٹ شناخت اور ذیلی اکاؤنٹ / سرمایہ کار اکاؤنٹ نمبر ________________، غیر معمولی عمومی اجلاس مؤرخہ 06 فروری 2023ء یا کسی اور اِلتواء کردہ اجلاس میں شہر (برائے مہربانی شہر کا نام لکھیں) ____________ سے ویڈیو کانفرنس سہولت کے ذریعے شریک ہونے کا / کی / کے خواہاں ہوں / ہیں۔

| | |
|---|---|
| ____________ | ____________ |
| رُکن کے دستخط | تاریخ |

### 6۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی درست نقل جمع کرانے کی اطلاع (لازمی)

وہ ارکان جنہوں نے تاحال اپنے درست CNIC کی تصدیق شدہ نقل جمع نہیں کرائی ہے ان سے گزارش ہے کہ جلد از جلد براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرا دیں۔

### 7۔ ارکان کے رہائشی پتے میں تبدیلی

ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے رہائشی پتے میں کسی بھی تبدیلی کی فوری اطلاع شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو کریں۔

### 8۔ ظاہری حصص کی بُک اینٹری شکل میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72، اور ایس ای سی پی کے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021ء، کی تعمیل میں لِسٹڈ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ اپنے جاری کردہ موجودہ ظاہری حصص کو بُک اینٹری شکل میں تبدیل کرائیں۔ اس ضمن میں کمپنی کے وہ حصص یافتگان جو ظاہری فولیو / شیئر سرٹیفکیٹ کے حامل ہیں ان سے گزارش ہے کہ اس ضرورت کو جلد از جلد پورا کریں۔

ظاہری حصص کی بُک اینٹری شکل میں تبدیلی سے حصص یافتگان کو کئی اعتبارات سے فائدہ ہوگا: حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی فوری خرید و فروخت کے لیے بازار کی دستیابی، خسارے یا ظاہری نقصان کے خطرے کا خاتمہ، آسان اور محفوظ مُنتقلی جس میں ظاہری حصص کے مقابلے میں کم رسمیات درکار ہیں۔ ظاہری حصص کی بُک اینٹری شکل میں تبدیلی میں معاونت کے لیے کمپنی کے حصص یافتگان کمپنی کے شیئر رجسٹرار (یعنی M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 9۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

جو شخص ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے نامزد ہونا چاہتا ہے، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا دیگر، وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)159 کے ضمن میں مذکورہ اجلاس سے کم سے کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے پیش کرنے کے ارادے کی اطلاع جمع کرائے، بمع:

i) ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی بصورت فارم-28 بمطابق کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)167، پُر اور دستخط شدہ؛

ii) کمپنیز ایکٹ 2017ء، کمپنی کے میمورینڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی رُول بُک، اور لِسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز 2019ء، اور دیگر متعلقہ قوانین وضوابط کے تحت لِسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی اہلیت، اور ڈائریکٹرز کی ذمہ داریوں اور اختیارات سے واقفیت کا اعلان؛

iii) این بی ایف سی اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹٹیز ریگولیشنز 2008ء کے شیڈول-IX (’فِٹ اینڈ پراپر‘ معیار) کے اینیکژر A کا performa، اور اینیکژر B کے مطابق ایفیڈیوِٹ، پُر شدہ؛

iv) کمپنی کے خودمختار ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی جمع کرانے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (2)166 کے ضمن میں لِسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز 2019ء کے تحت درکار خودمختاری کا اعلان؛

v) ایس آر او 2019/(I)1196 مؤرخہ 03 اکتوبر 2019ء کے تحت کمپنی کی ویب سائٹ پر لگانے کے لیے تفصیلی تعارف (پروفائل)؛

vi) دیگر ڈائریکٹرشپ اور عہدے جن پر فائز رہا ہو اُن کی تفصیل؛

vii) قابلِ عمل CNIC یعنی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (پاکستانی شہری کی صورت میں)، یا پاسپورٹ (غیر مُلکی شہری کی صورت میں) کی نقل، اور نیشنل ٹیکس نمبر (ای ٹی این)؛

viii) فولیو نمبر / سی ڈی سی سرمایہ کار اکاؤنٹ نمبر / سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر (پہلی مرتبہ رضامندی جمع کرانے کی صورت میں)۔

### کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت بیان

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے طلب کیے گئے عمومی اجلاس کی اطلاع کے ساتھ مادّی حقائق کا ایک بیان مُلحق ہو جس میں خودمختار ڈائریکٹر منتخب کرنے کے جواز کی نشاندہی ہو۔

لِسٹڈ کمپنیز (کوڈ اینڈ کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز 2019ء اور non بینکنگ فائنانس کمپنیز (اسٹیبلشمنٹ اینڈ ریگولیشن) رُولز 2003ء کے تحت کمپنی کے کم از کم تین خودمختار ڈائریکٹر ہونے چاہئیں۔ چنانچہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے ضمن میں خودمختار ڈائریکٹرز کی مطلوبہ تعداد بھی انتخابی عمل کے ذریعے پوری کی جائے گی۔

جہاں تک خودمختار ڈائریکٹرز کے انتخاب کے جواز کا معاملہ ہے، خودمختار ڈائریکٹر کے لیے نامزد امیدوار کو لِسٹڈ کمپنی اور غیر بینکاری مالیاتی کمپنی کے ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے اہلیت کا حامل ہونا ضروری ہے، اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (2)166 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشن 2018ء کے تحت معیّن کردہ معیارات پر پورا اُترنا چاہیے۔ ڈائریکٹرز کو کمپنی کے ڈائریکٹر کے دوبارہ انتخاب کے لیے اہل ہونے کے علاوہ مندرجہ بالا معاملے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔